تعارف و تبصرہ مدیر اعلیٰ

توضیح المرام فی نزول عیسیٰ علیہ السلام

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم نے اس کتابچہ میں اپنے مخصوص تحقیقی انداز میں سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رفع اور نزول کے مسئلہ پر بحث کی ہے اور اس سلسلہ میں قادیانیوں اور دیگر گمراہ گروہوں کے اعتراضات و شبہات کے مسکت جوابات دیے ہیں۔ یہ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی تازہ ترین تصنیف ہے جو انہوں نے پیرانہ سالی' بے چارگی اور ضعف کے باوجود احقاق حق کے لیے تحریر فرمائی ہے اور بطور مصنف ان کا اسم گرامی سامنے آنے کے بعد کتابچہ کے بارے میں مزید کچھ کہنے کی ضرورت اور گنجائش باقی نہیں رہ جاتی۔ اللہ تعالیٰ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کو صحت عطا فرمائیں اور ان کا سایہ تا دیر ہمارے سروں پر سلامت رکھیں۔

صفحات ۱۰۰' کتابت و طباعت معیاری' قیمت بیس روپے' ملنے کا پتہ مکتبہ صفدریہ نزد مدرسہ نصرۃ العلوم فاروق گنج گوجرانوالہ

خطبات سواتی جلد سوم

حضرت مولانا صوفی عبد الحمید سواتی دامت برکاتہم بانی مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کے دروس قرآن کریم اور دروس حدیث کے ساتھ ساتھ ان کے خطبات جمعہ بھی اہتمام اور تسلسل کے ساتھ شائع ہو رہے ہیں اور ملک بھر کے خطباء اور علماء ان سے استفادہ کر رہے ہیں۔

خطبات سواتی کی تیسری جلد اس وقت ہمارے سامنے ہے جو اتباع و اطاعت رسولؐ' سیرت نبویؐ میں استغفار کا پہلو' اسوۂ حسنہ' نبی آخرالزمانؐ کا مشن' امی نبیؐ کا اتباع' سابقہ امتوں کے واقعات' اچھی بات کا اتباع' صراط مستقیم کی تلاش' علماء دیوبند کی قربانیاں' دارالعلوم دیوبند کا صد سالہ اجلاس' وقوع قیامت اور محاسبہ اعمال' حضرت موسیٰؑ کا سفر مدین' بیت اللہ شریف کی عزت و حرمت' علم کی ضرورت و اہمیت' علم اور اہل علم' سکون قلب کی تلاش' عظمت صحابہ کرامؓ' نزول قرآن کریم' صحابہ کرامؓ کے ساتھ حسن ظن اور دین حق کا